بسم اللہ الرّحمٰن الرحیم

# CANADIAN FATWA COUNCIL

Date: February 3, 2026

کیا فرماتے ہیں علماء دین کیا مسلمان کو غیر مسلم کے یا غیر مسلم کو مسلمان کے قبرستان میں دفن کیا جاسکتا ہے ـــــ قران و سنت کے دلائل سے واضح فرمائیں

الجواب بعون الوھاب

صورت مسئولہ کی وضاحت قران و حدیث کے لحاظ سے بڑی واضح ہے کہ غیر مسلم کی تدفین مسلمانوں کے قبرستان میں حرام و ناجائز ہے اور اسی طرح اسکے برعکس یعنی مسلمان کو غیر مسلموں کے قبرستان میں دفن کرنا ناجائز ہے مذکورہ معاملہ عملا شرعا اعتقادا تینوں اعتبار سے نہ صرف واضح بلکہ حضور نبی کریم علیہ السلام اور خلفاء راشدین کے ادوار سے لیکر آج تک نافذ العمل رہا

نیز اس میں بہت سے دینی پہلو اور حکمتیں مضمر ہیں مثلا عقیدے کا امتیاز کے اسلام عقائد کے اعتبار سے بلکل واضح امتیازی حیثیت رکھتا ہے اور اس میں کسی اختلاط کی کوئی گنجائش نہیں دعا و استغفار کہ اسلام میں غیر مسلم کیلئے دعائے مغفرت کا کوئی تصور نہیں اجتماعی دعا کا فقدان کہ اگر کوئی اجتماعی دعا کرنا چاہتا ہے تو اس اختلاط کی وجہ سے وہ دعا نہیں کر سکتا بلکہ کرنا حرام ٹھہرے گا پھر اس میں مسلمان کی اہانت دین بھی ہے کہ مسلمان کا قبرستان موضع رحمت ہوتا ہے جبکہ اختلاط کی صورت میں رحمت زحمت میں بدل جائے گی نیز امت مسلمہ کی دینی مذہبی شناخت کا فقدان اور فتنہ و شبھات کا باب کھلے گا انیوالی نسل کیلئے فرق کرنا مشکل ہو گا کہ غیر مسلم اور مسلمان میں انجام اور آخرت کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں دونوں ایک ہیں نیز یہ پہلو بھی اجاگر کرنا ضروری ہے کہ مسلمان کی تدفین کا طریقہ اور قبر کی بناوٹ بلکل الگ ہے جس طرح زندگی میں مسلم اور غیر مسلم کے بیچ ایک واضح امتیازی حیثیت ہے یہ مرنے کے بعد بھی اسی طرح قائم رہے گی

دلائل قران و سنت و اقوال فقھاء

چنانچہ اللہ تعالی کا فرمان ماکان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربی ـــ سورہ توبہ آیت 113

نبی کیلئے جائز نہیں اور مومنوں کیلئے کہ مغفرت طلب کریں مشرکین کے لئے اگرچہ وہ ان کے قرابت دار ہوں

ـ

آیت مذکور میں ایک دیوار کھینچ دی گئی کے انکے لئے دعا نہیں کی جاسکتی امام قرطبی اس آیت کی تفسیر میں نقل کرتے ہیں لا یجوز ان یخلط موتی المومنین لموتی الکافرین ـــ- جائز نہیں کے مومنیں مرحومین کو غیر مسلم مردوں کے ساتھ دفن کیا جائے ـــآیت 2ـــولا تصل علی احد من مات ابدا ولا تقم علی قبرہ سورہ توبہ آیت 84

اے نبی آپ نہ ان میں سے کسی ایک پر ہمیشہ نہ نماز پڑھیں نہ انکی قبر پر کھڑے ہوں آیت کی تفسیر میں ملاں جیون تفسیرات احمدیہ میں نقل کرتے ہیں ھذہ الایت صریحۃ فی انہ لا یجوز الصلاۃ علی الکافر ولاتقف علی قبرہ لدفن او للزیارہ یہ آیت واضح ہے اس بارے کہ جائز نہیں کافر کی نماز جنازہ نہ اسکی قبر پر کھڑے ہونا دفن یا زیارت کیلئے ـــ-

سید نعیم الدین مراد آبادی لکھتے ثابت ہوا کہ مسلمان کا غیر مسلم کی قبر پر کھڑا ہونا شرعا منع ہے خزائن العرفان ـــ - روح المعانی میں منقول ہے والمراد لا تقف عند قبرہ لدفن او للزریارہ ـــ مراد یہ ہے کہ غیر مسلم کی قبر کے پاس نہ ـــ کھڑا نہ زیارت کرے

سیدنا بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:


40 Station Street, Ajax, Ontario, L1S 1R9 Phone: 647-404-3050

**بسم الله الرَّحمٰن الرحیم**

بَيْنَمَا أَنَا أُمَاشِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِقُبُورِ الْمُشْرِكِينَ فَقَالَ لَقَدْ سَبَقَ هَؤُلَاءِ خَيْرًا كَثِيرًا ثَلَاثًا ثُمَّ مَرَّ بِقُبُورِ الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ لَقَدْ أَدْرَكَ هَؤُلَاءِ خَيْرًا كَثِيرًا

میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چل رہا تھا کہ آپ ﷺ مشرکوں کی قبروں کے پاس سے گزرے تو فرمایا : "بیشک یہ لوگ بہت بڑی خیر سے پہلے ہی گزر گئے ( اسلام لانے سے محروم رہے )۔ " آپ ﷺ نے یہ بات تین بار فرمائی ، پھر آپ ﷺ مسلمانوں کی قبروں کے پاس سے گزرے ، تو فرمایا "بلاشبہ ان لوگوں نے بہت بڑی خیر پا لی (اسلام سے بہرہ ور ہوئے)۔ "سنن ابی داؤد

مذکورہ حدیث سے واضح ہوا ابتداء اسلام سے ہی مسلمان کے مقابر کا تعین الگ سے تھا اس میں غیر مسلموں کے اختلاط کی کوئی گنجائش نہیں

حضرت عمر رضی اللہ عنہ قال ولا یجاورا المسلمیں بموتاهم حضرت عمر رضی اللہ عنہ قنے فرمایا تھامسلمانوں مرحومین کو غیر مسلموں مردوں کے ساتھ نہ دفناؤ

یہ معاملہ آئمہ اربعہ کے نزدیک متفق علیہ ہے

:الموسوعہ الفقہیہ میں ہے

. اتفق الفقهاء على أنه يحرم دفن مسلم في مقبرة الكفار وعكسه

فقہاء کا اتفاق ہے کہ کسی مسلمان کو کفار کے قبرستان میں یا کافر کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا حرام ہے۔

فقہ حنفی کی مشہور کتاب بدائع الصنائع لا یدفن المسلم فی مقابر الکفار ولا لکافر فی مقابر المسلمین لان فی ذالک اهانۃ لمسلم ولا لمشرک فی مقابر المسلمین لانہ موضع رحمۃ —مسلمان کو غیر مسلموں اور غیر مسلم کو مسلمانوں کے قبرستان میں نہ دفن کیا جائے کہ اس میں مسلمان کی توہین ہے کیونکہ قبرستان مو خر رحمت ہے

فتاوی ہندیہ عالمگیری میں منقول

لا يجوز دفن المسلم في مقبرة الكفار، ولا دفن الكافر في مقبرة المسلمين

مسلمان کو کافروں کے قبرستان میں دفن کرنا جائز نہیں، اور نہ کافر کو مسلمانوں کے قبرستان میں

البحر الرائق شرح كنز الدقائق

.ولا يُفعل ما فيه تعظيم للكفر أو إهانة للإسلام، ومنه دفن المسلم في مقابرهم

ہر وہ کام منع ہے جس میں کفر کی تعظیم یا اسلام کی توہین ہو، اور اسی میں سے مسلمان کو ان (کافروں) کے قبرستان میں دفن کرنا ہے

تمام دلائل سے یہ بات واضح ہو گئی کہ مسلمانوں کیلئے الگ سے قبرستان نہ صرف دنیاوی ضرورت بلکہ دینی و / اسلامی اخروی لحاظ سے لازم ہے

واللہ اعلم بالصواب

محمد وقار احمد مدنی عفی عنہ

کینیڈین فتویٰ کونسل


40 Station Street, Ajax, Ontario, L1S 1R9 Phone: 647-404-3050

**Question:**
What do the scholars of Islam say regarding whether a Muslim may be buried in a non-Muslim cemetery, or a non-Muslim may be buried in a Muslim cemetery? Please clarify this matter with evidence from the Qur'an and Sunnah.

---

**Answer (with the help of Allah, the Bestower):**

The clarification of this issue, in light of the Qur'an and Hadith, is very clear: **it is haram (forbidden) and impermissible to bury a non-Muslim in a Muslim cemetery, and likewise impermissible to bury a Muslim in a non-Muslim cemetery**.

This ruling is not only clear **practically, legally (shar'an), and doctrinally ('aqeedatan)**, but it has remained in continuous practice from the time of the Noble Prophet ﷺ and the era of the Rightly Guided Caliphs until today.

There are many religious dimensions and wisdoms behind this ruling, for example:

- **Distinction of belief:** Islam has a completely distinct and clearly defined identity in matters of belief. There is no room for mixing or confusion.
- **Supplication and seeking forgiveness:** In Islam, there is no concept of praying for the forgiveness of a non-Muslim.
- **Absence of collective supplication:** If a collective supplication is intended, this intermingling would make it impermissible; rather, such supplication would become haram.
- **Disrespect to Islam:** This also constitutes disrespect to the Muslim, because a Muslim cemetery is a place of mercy, whereas intermingling would turn mercy into hardship.
- **Loss of religious identity:** It would weaken the religious and Islamic identity of the Muslim Ummah and open the door to confusion and misguidance.
- **Confusion for future generations:** Future generations may find it difficult to distinguish between Muslims and non-Muslims and may assume that both are equal in outcome and the Hereafter.
- **Difference in burial method:** The Islamic method of burial and the structure of the grave are entirely different. Just as there is a clear distinction between Muslims and non-Muslims in life, this distinction continues after death as well.

---

**Evidence from the Qur'an, Sunnah, and Statements of the Jurists**

Allah the Exalted says:

*"It is not for the Prophet and those who believe to seek forgiveness for the polytheists, even if they are close relatives."*
**(Surah At-Tawbah, 9:113)**

This verse establishes a clear boundary that supplication for them is not permitted.

Imam al-Qurtubi, in his commentary on this verse, writes:

*"It is not permissible to bury deceased believers together with deceased disbelievers."*

Allah the Exalted also says:

*"And do not ever pray over any of them who dies, nor stand at his grave."*
**(Surah At-Tawbah, 9:84)**

In the commentary of this verse, Mullah Jiwan writes in *Tafsirāt Ahmadiyyah*:

*"This verse clearly indicates that it is not permissible to perform the funeral prayer for a disbeliever, nor to stand at his grave for burial or visitation."*

Sayyid Na'eem al-Din Muradabadi writes:

*"It is established that standing at the grave of a non-Muslim is religiously prohibited."*
(*Khazā'in al-'Irfān*)

In *Ruh al-Ma'ani* it is mentioned:

*"The meaning is that one should not stand by the grave of a non-Muslim, neither for burial nor for visitation."*

Sayyiduna Bashir رضي الله عنه narrates:

"While I was walking with the Messenger of Allah ﷺ, he passed by the graves of the polytheists and said three times: 'These people have missed out on much good.' Then he passed by the graves of the Muslims and said: 'These people have attained much good.'"
**(Sunan Abi Dawood)**

This hadith clearly shows that from the very beginning of Islam, Muslim graveyards were distinct and separate, with no allowance for intermingling with non-Muslims.

Sayyiduna 'Umar رضي الله عنه said:

*"Do not bury the deceased Muslims alongside the deceased non-Muslims."*

This ruling is **unanimously agreed upon by the four Imams**.

In *Al-Mawsu'ah al-Fiqhiyyah* it is stated:

*"The jurists unanimously agree that it is forbidden to bury a Muslim in a disbelievers' cemetery, and vice versa."*

In the well-known Hanafi book *Bada'i' al-Sana'i'* it states:

*"A Muslim should not be buried in the cemeteries of disbelievers, nor a disbeliever in the cemeteries of Muslims, because this entails humiliation of the Muslim. A Muslim cemetery is a place of mercy."*

In *Fatawa al-Hindiyyah (Al-'Alamgiri)*:

*"It is not permissible to bury a Muslim in the cemetery of disbelievers, nor a disbeliever in the cemetery of Muslims."*

In *Al-Bahr al-Ra'iq Sharh Kanz al-Daqa'iq*:

*"Anything that involves honoring disbelief or humiliating Islam is prohibited, and among these is burying a Muslim in their cemeteries."*

---

**Conclusion**

From all this evidence, it becomes abundantly clear that **having separate Muslim cemeteries is not merely a worldly necessity, but a religious and Islamic requirement with implications for the Hereafter**.

---

**And Allah knows best what is correct.**

*Mufti Muhammad Waqar Ahmad Madani*
Canadian Fatwa Council